غزل

ثابہ نعیم

میں نے اس شخص کی آنکھوں میں اتر کر دیکھا
دل گرفتہ تھا مگر پیار کا پیکر دیکھا

جل اٹھے دل کے دیئے سرخ چناروں کی طرح
آگ پانی میں لگائی تو یہ منظر دیکھا

آج بھی کوئی درد دل پہ صدا دیتا ہے
جانے والے نے کئی بار پلٹ کر دیکھا

ناؤ بھی ڈول رہی تھی کوئی ساحل بھی نہ تھا
دور تک پھیلا ہوا ایسا سمندر دیکھا

پتھروں کی مجھے پہچان ہے لیکن شاید
پھول بن جائے کوئی ایسا بھی پتھر دیکھا۔

❖

ഞാൻ കണ്ണുകളിൽ ഇറങ്ങിനോക്കിയപ്പോൾ സ്നേഹത്തിന്റെ കണിക കണ്ടു.
ഹൃദയമാകുന്ന വിളക്ക് പ്രകാശിച്ചപ്പോൾ ചുവന്ന തീപ്പൊരികൾ കണ്ടു.
തിരിഞ്ഞു നടക്കുന്നവർ ഇന്നും ദുഃഖിതനായ എന്നെ നോക്കാറുണ്ട്.
ദൂരെ വ്യാപിച്ചു കിടക്കുന്ന സമുദ്രത്തിൽ കരകാണാതെ ഞാൻ മുങ്ങിക്കൊണ്ടിരിക്കുന്നു.
പൂവായി മാറാൻ പോകുന്ന കല്ലുകളെ ഞാൻ പ്രതീക്ഷിക്കുന്നു.

غزل

ضمیر

پڑھ لکھ کر گویا پڑھا نہیں
من کا سندیسہ پڑھا نہیں

آثارِ قدیمہ کیا دیکھے
جب وقت کا لکھنا پڑھا نہیں

دروازے کی رونق پڑھ لی
گھر کا سناٹا پڑھا نہیں

ماں کا چہرہ پڑھ لیتا ہوں
کوئی اور صحیفہ پڑھا نہیں

حالات پڑھے شاہوں کے فقط
کچھ حال رعایا پڑھا نہیں ۔

ഞാൻ പുസ്തകങ്ങളും പുറം കാഴ്ചകളും കണ്ടു പഠിച്ചെങ്കിലും
എനിക്ക് ജനതകളുടെ വേദനകളും സന്ദേശങ്ങളും യഥാർത്ഥ വസ്തുതകളും പഠിക്കുവാൻ സാധിച്ചില്ല.